Total Pages : 2

PC-13945/NH

C-2111

URDU
(Semester–V)
(PRIVATE)

Time : Three Hours] [Maximum Marks : 100

Unit : A

مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے دو کی تشریح سیاق وسباق کے حوالے سے کریں۔ 15

۱۔ اچھی کتاب لافانی چیز ہوتی ہے۔ وہ خود ہی لافانی نہیں ہوتی بلکہ اپنے لکھنے والے کو بھی لافانی بنا دیتی ہے۔ یہی نہیں بلکہ جن لوگوں کا اس کتاب میں ذکر آتا ہے وہ بھی لافانی بن جاتے ہیں۔ اچھی کتابوں نے انسان کے اخلاق، ان کی ادتوں اور رہن سہن پر بڑا اچھا اثر ڈالا ہے۔ ان کے خیالات میں زبردست تبدیلی پیدا کی ہے۔ قوموں میں ہلچل اور انقلاب پیدا کیا ہے اور ملکوں کی کایا پلٹ کر رکھ دی ہے۔

۲۔ قوم کی حالت تباہ ہے۔ عزیز ذلیل ہو گئے ہیں۔ شریف خاک میں مل گئے ہیں۔ علم کا خاتمہ ہو چکا ہے۔ دین کا صرف نام باقی ہے۔ افلاس کی گھر گھر پکار ہے۔ پیٹ کی چاروں طرف دہائی ہے۔ اخلاق بالکل بگڑ گئے ہیں اور بگڑتے جاتے ہیں۔ تعصب کی گھنگھور گھٹا تمام قوم پر چھائی ہوئی ہے۔ رسم ورواج کی بیڑی ایک ایک پاؤں میں پڑی ہوئی ہے۔ جہالت اور تقلید سب کی گردن پر سوار ہے۔ اُمراء، جو قوم کو بہت کچھ فائدہ پہنچا سکتے ہیں، غافل اور بے پرواہیں۔ علماء، جن کو قوم کی اصلاح میں بہت بڑا دخل ہے، زمانے کی ضرورتوں اور مصلحتوں سے ناواقف ہیں۔ ایسے میں جس سے جو بن آئے سو بہتر ہے ورنہ ہم سب ایک ہی ناؤ میں سوار ہیں۔

۳۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ اس بے روزگاری کے دور میں الیکشن نفع بخش چیز ہے۔ مثلاً آپ کسی کے مقابلے میں کھڑے ہو کر خوب ہنگامہ مچائیے۔ دولت مند امیدوار آپ کو روپے دلا کر بیٹھ رہنے پر راضی کرے گا۔ اس کے بعد آپ اس کے کارکن بن جائیں گے تو اور روپے مل جائیں گے۔ آپ ذرا ایماندار قسم کے آدمی ہوں تو کوئی قومی ادارہ کھول دیجیئے مثلاً مدرسہ، یتیم خانہ، پنجرہ پول وغیرہ اور کہیئے کہ آپ کے ادارے کو پانچ سو روپے دلائے جائیں تو آپ بیٹھ رہیں گے، ظاہر ہے کہ آپ اس سلسلے میں اپنی ذیرباریوں کی تلافی کے لئے زرعطیہ سے کچھ نہ کچھ وصول کر ہی لیں گے۔

مندرجہ ذیل نثر نگاروں میں سے کسی ایک کی حیات وخدمات پر تفصیل سے روشنی ڈالیں۔ 15

الطاف حسین حالی ، رشید احمد صدیقی ، مولوی عبدالحق

Unit : B

مندرجہ ذیل منظومات میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ تحریر کریں۔ 15

بدلی کا چاند ، ساقی نامہ

شاد عظیم آبادی یا جوش ملیح آبادی کی شاعرانہ خصوصیات پر سیر حاصل مضمون تحریر کریں ۔ 15

Unit : C

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات لکھیں۔ 10x4=40

۱۔ رجب علی بیگ کے طرز تحریر پر مختصر نوٹ لکھیں۔

۲۔ سر سید احمد خان کی انشاء پردازی کی کیا خصوصیات ہیں؟

۳۔ اچھی کتاب کی کیا پہچان ہوتی ہے؟

۴۔ مولانا حالی کے مطابق اردو نظم کے ذریعے معاشرے میں کیسے انقلاب آ سکتا ہے؟

۵۔ شعر کی تشریح کریں

تڑپنے پھڑکنے کی توفیق دے دل مرتضیٰ ،سوز صدیق دے

۶۔ بند کی تشریح کریں :

رہا مزاج میں سودائے قوم خو ہو کر وطن کا عشق رہا دل کی آرزو ہو کر

بدن میں جان رہی وقف آبرو ہو کر رگوں میں جوش محبت رہا لہو ہو کر

خدا کے حکم سے جب آب و گل بنا تیرا

کسی شہید کی مٹی سے دل بنا تیرا

۷۔ حسرت موہانی کے اشعار کے حسن و قبح پر نوٹ لکھئے۔

۸۔ بادیہ پیمایان مرحلہ محبت سے کیا مراد ہے؟

۹۔ نظم ساقی نامہ میں اقبال ساقی سے کیا التجا کر رہا ہے ؟

۱۰۔ فانی بدایونی کی غزلیات سے کیا تاثر ملتا ہے؟